نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر خطہ پوٹھوہار میں ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان متعارف۔

پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کاشتکاروں کی خوشحالی اور اس علاقے کی ترقی کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:26 اگست 2025:   وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان بارے کمشنر آفس راولپنڈی میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں راولپنڈی ڈویژن کے ممبران صوبائی اسمبلی نے خصوصی شرکت کی جبکہ پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور کمشنر راولپنڈی ڈویژن عامر خٹک بھی شریک ہوئے۔ علاوہ ازیں، ڈائریکٹر جنرلز زراعت اور ڈپٹی کمشنرز بھی اجلاس میں موجود تھے۔

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خطہ پوٹھوہار میں ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان 7 ارب روپے کی خطیر رقم سے شروع کیا گیا ہے جو زرعی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کا خصوصی تحفہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 4 ارب روپے کی لاگت سے آبپاشی و پانی کے باکفایت استعمال کا پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت پانی کے مؤثر استعمال کے لیے سولر سسٹم، جدید نظام آبپاشی اور لیزر لینڈ لیولر 70 فیصد سبسڈی پر فراہم کیے جائیں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تحفظ آراضیات کے لیے 1 ارب روپے کی لاگت سے 400 منی ڈیمز تعمیر کیے جائیں گے۔ 77 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی کے ذریعے بلڈوزر سے 45 سو ایکڑ رقبہ کی اصلاح کی جائے گی اور کاشتکاروں کو 25 ہزار کلوگرام مونگ پھلی کی اعلیٰ اقسام کا بیج فراہم کیا جائے گا۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ اس منصوبہ کے تحت 57 ہزار 960 روپے فی ایکڑ مالی اعانت سے 3 ہزار 625 ایکڑ پر زیتون کی کاشت کرائی جائے گی۔ اس کے علاوہ زیتون کا تیل نکالنے کے لیے کولڈ پریس یونٹس 50 فیصد سبسڈی پر فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 37 کروڑ روپے کی لاگت سے ادرک کی کاشت کو فروغ دیا جائے گا اور فصلات و باغات کو جنگلی جانوروں سے تحفظ دینے کے لیے 50 کروڑ روپے کی لاگت سے 2790 کنال پر باڑ نصب کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ بلیک بیری، انجیر، نیکٹرین، ایوکیڈو، پیکن نٹ اور سیب کے پودے بھی فراہم کیے جائیں گے۔

☆☆☆☆